## گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست امیدوار کی کامیابی پر عوام نماز شکرانہ ادا کریں، الطاف حسین
## ایم کیوایم کے امیدواروں کا دوسرے، تیسرے یا چوتھے نمبر پر آنا بھی ہماری بڑی کامیابی ہے، کارکنوں سے خطاب

کراچی۔۔۔12 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار کی کامیابی پر نماز شکرانہ ادا کریں۔ انہوں نے دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ بھی اپنی عبادت گاہوں میں خدا تعالیٰ کا شکر بجا لائیں۔ انہوں نے جمعرات کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے امیدوار خواہ دوسرے، تیسرے یا چوتھے نمبر پر ہی کیوں نہ آئے ہوں یہ بھی ایم کیوایم کی بڑی کامیابی ہے جس پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لانا چاہئے۔

## حق پرست امیدوار محمد اعظم خان کی کامیابی پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں جشن کا سماں
## رابطہ کمیٹی اور سیکریٹریٹ کے ارکان نے الطاف حسین اور ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی
## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے مبارکباد کی ٹیلی فون کالوں کا تانتا

لندن۔۔۔12 نومبر 2009ء

گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حلقہ GBLA-12 اسکردو 6 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار محمد اعظم خان کی بھاری ووٹوں سے کامیابی پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں جشن کا سماں دیکھنے میں آیا۔ انتخابات میں حق پرست امیدوار کی کامیابی کی اطلاع ملتے ہی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ذمہ داران اور شعبہ خواتین کی ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی اور فلک شگاف نعرے لگا کر اپنی والہانہ خوشی کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے بھی تمام ذمہ داران کو دلی مبارکباد پیش کی اور محنت و لگن سے کام کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران نے ایک دوسرے کو گلے لگا کر مبارکباد پیش کی اور مٹھائی کھلائی۔

دریں اثناء حق پرست امیدوار محمد اعظم خان کی کامیابی کی اطلاع ملتے ہی پاکستان سمیت دنیا بھر سے مبارکباد کی ٹیلی فون کالوں کا تانتا بندھ گیا۔ ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے قائد تحریک جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور اس کامیابی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق کی فتح ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ کی کامیابی قرار دیا۔ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مبارکباد کی ٹیلی فون کالوں کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔

## گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں زبردست دھاندلی کی گئی ہے، من پسند نتائج کے حصول کیلئے
## تمام تر غیر جمہوری ہتھکنڈے اختیار کئے گئے۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ
## حکومتی جماعت کے کارکنوں نے پولنگ اسٹیشنوں پر قبضے کر کے پولیس وانتظامیہ کے تحفظ میں بوگس ووٹنگ کی،
## ایم کیوایم کے پولنگ ایجنٹوں کو ہراساں کیا گیا، ووٹرز کو پولنگ بوتھوں میں داخل ہونے سے روکا گیا،
## پولنگ کیمپوں کے دورے پر جانے والے ایم کیوایم کے نمائندوں پر تشدد اور ناروا سلوک کیا گیا
## ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی اقبال محمد علی اور شیخ صلاح الدین پر شگر میں پیپلز پارٹی کے مسلح کارکنوں نے حملہ کیا،

کراچی۔۔۔12 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ آج گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں زبردست دھاندلی کی گئی ہے اور دھاندلی کیلئے من پسند نتائج کے حصول کیلئے تمام تر غیر جمہوری ہتھکنڈے اختیار کئے گئے اور سرکاری وسائل کا بیدریغ استعمال کیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں حکومت

کی جانب سے دھاندلی کا آغاز انتخابات سے قبل ہی انتخابی فہرستوں میں تبدیلیوں اور بے قاعدگیوں کی شکل میں شروع کر دیا گیا تھا اور حکومتی جماعت کے حامیوں کا ایک سے زائد علاقوں میں ناموں کا اندراج کیا گیا اور آج گلگت بلتستان کے تمام حلقوں میں پولنگ کے دوران زبردست دھاندلی کی گئی، حکومتی جماعت کے کارکنوں کی جانب سے اکثر پولنگ اسٹیشنوں پر قبضے کر کے پولیس وانتظامیہ کے تحفظ میں بوگس ووٹنگ کی گئی، ایم کیوایم کے پولنگ ایجنٹوں کو ہراساں کیا گیا، ووٹرز کو پولنگ بوتھوں میں داخل ہونے سے روکا گیا، پولنگ کیمپوں کے دورے پر جانے والے ایم کیوایم کے نمائندوں پر تشدد اور ناروا سلوک کیا گیا، ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی اقبال محمد علی اور شیخ صلاح الدین GBLA-12 اسکردو 6 میں حلقہ سے ایم کیوایم کے امیدوار راجہ اعظم کے ہمراہ شگر کے دورے پر تھے کہ داسو کے علاقے میں پیپلز پارٹی کے مسلح کارکنوں نے ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی پر حملہ کیا اور انکے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا، علاقے کی پولیس نے بھی اس عمل میں ان کا ساتھ دیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکمراں جماعت کی جانب سے انتخابات میں من پسند نتائج حاصل کرنے کیلئے اس طرح کے غیر جمہوری ہتھکنڈوں کا استعمال اور دھاندلی قابل مذمت ہے۔ زبردست دھاندلی اور بوگس ووٹنگ کے اس عمل نے انتخابی نتائج کو مشکوک بنا دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ان تمام واقعات سے الیکشن کمیشن کو آگاہ کر دیا گیا ہے، ایم کیوایم تمام تفصیلات جمع کر رہی ہے جس سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا۔ رابطہ کمیٹی نے الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ دھاندلی کا فوری نوٹس لیا جائے۔

## گلگت بلتستان میں متحدہ کے امیدوار کی کامیابی پر عزیز آباد میں زبردست جشن کا سماں

## حق پرست امیدوار راجہ اعظم کی فتح کے اعلان پر خورشید بیگم ہال موجود ہزاروں کارکنان اور عوام کے پرجوش نعروں سے گونج اٹھا

## فتح کی اطلاع جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی، عوام کے بڑے جلوس نائن زیرو پہنچنے لگے، شہیدوں کو خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا

کراچی۔۔۔12/نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار راجہ اعظم خان کی کامیابی کی خبر ملنے پر عزیز آباد میں زبردست جشن کا سماں دیکھا گیا اور خورشید بیگم میموریل ہال اس موقع پر موجود ہزاروں کارکنان اور عوام کے پرجوش نعروں سے گونج اٹھا اور انہوں نے دیگر حق پرست امیدواروں کی سبقت کی اطلاعات کا بھی زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ راجہ محمد اعظم خان کی فتح کی اطلاع جنگل کی آگ کی طرح ہر طرف پھیل گئی۔ حق پرست کارکنان اور عوام کے بڑے جلوس متحدہ قومی موومنٹ کے جھنڈے اور الطاف بھائی کی تصاویر اٹھائے عزیز آباد پہنچنے لگے، یہ لوگ ایم کیوایم کے حق میں نعرے لگا رہے تھے، یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا اور فضا نعروں سے گونجتی رہی۔ لوگ نعرے لگا رہے تھے کہ "جاری رہے گی، جاری رہے گی، جدوجہد جاری رہے گی"، "ہے نقیب انقلاب، الطاف، الطاف"، "مبارک، مبارک، تمہیں خوشی کا یہ سماں"۔ راجہ اعظم خان اور دیگر حق پرست امیدواروں کی کامیابی کی خوشی منانے والے کارکنان نے اپنے شہید ساتھیوں کو بھی فراموش نہیں کیا اور انہوں نے شدت جذبات میں اشک بہا کر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دریں اثنا گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات کو مانیٹر کرنے کیلئے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں قائم کئے گئے الیکشن کنٹرول روم پر دن بھر زبردست رش رہا۔ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان صبح ہی سے انتخابی صورتحال جاننے کیلئے کنٹرول روم سے رابطہ کرتے رہے۔ کنٹرول روم میں انتخابی نتائج دکھانے کیلئے ایک بڑی ٹی وی اسکرین لگائی گئی تھی جبکہ امیدواروں کے نام، حلقہ انتخاب، رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد، ڈالے گئے ووٹ اور حاصل کردہ ووٹوں کی تعداد کا باقاعدہ چارٹ بنا کر لگایا گیا تھا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں الیکشن کنٹرول روم کا دورہ کیا اور اسکرین بورڈ پر انتخابی نتائج دیکھے اور ان سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے نتائج کے حصول کے طریقہ کار پر اطمینان کا اظہار کیا اور کنٹرول روم میں مصروف ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، مشیران، ٹاؤن ناظمین اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ کنٹرول روم کا الیکٹرانکس وپرنٹ میڈیا کے نمائندگان نے بھی دورہ کیا۔

☆☆☆☆☆